اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن اَمَّابَعْدُ فَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# مدنی پھول برائے محرم الحرام

( عالمی مجلسِ مشاورت(دعوتِ اسلامی))

شیخ طریقت امیراہلسنت دامت برکاتھم العالیہ نے اس خواہش کااظہار فرمایاہے کہ "اے کاش! انگریزوں کے نئے سال کے استقبال کے بجائے مسلمانوں کونئے اسلامی سال یعنی نئے ہجری سال کے استقبال کاجذبہ نصیب ہوجائے الحمدللّٰہ مسلمانوں کانیا سال پہلی محرم الحرام سے شروع ہوتاہے ۔ ہوسکے تو ہر سال پہلی محرم الحرام کوآپس میں نئے اسلامی سال کی مبارک باد دینے کارواج ڈالناچاہیے"۔ (فیضانِ سنت جلد اوّل کے صفحہ1520)

⭑8ذوالحجۃ الحرام 1432ھ کے مدنی مذاکرے میں امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ نے فرمایا ہے کہ مبارکبادی کے معنی ہے"یہ موقع آپ کے لئے بابرکت ثابت ہو۔"

چنانچہ ہمیں چاہیئے کہ امیراہلسنت دامت برکاتھم العالیہ کی اس خواہش کااحترام کرتے ہوئے پہلی محرم الحرام کوایک دوسرے کونئے اسلامی سال کی مبارکباد دیں۔ اور اسے خوب خوب عام کرنے کی کوشش بھی کریں۔

یاد رہے! کہ "مدنی پھول طے ہونے کے بعد اس کا نفاذ ہی اصل چیز ہے"۔

(شوریٰ و کابینہ کے مدنی مشورے کے مدنی پھول 22 تا26 اگست 2013)

(1) ’’ مدنی پھول برائے محرم الحرام "کے مدنی مشورے سے قبل ہر سطح کی ذمہ داراسلامی بہن اپنی ماتحت ذمہ داران کو یہ بتادیں کہ:

(i) مدنی مشورے کا دورانیہ1گھنٹہ41منٹ ہوگا۔

(ii) مدنی مشورے میں مکمل وقت شرکت کی جائے(بہتر ہے کہ معمول والے ماہانہ اجلاس میں ہی کرلیا جائے)

(2) مدنی پھول ملتے ہی اپنی ماتحت ذمہ داران کو متعلقہ مدنی پھول سمجھائیں ۔

⭑ اگر مدنی مشورے میں کوئی ذمہ دار اسلامی بہن غیر حاضر رہے توبعد میں مناسب وقت دے کر مدنی پھول سمجھائے جائیں۔

# مدنی پھول برائے محرم الحرام

( عالمی مجلسِ مشاورت(دعوتِ اسلامی))



(3) اس شعبے سے متعلق سابقہ تمام پیپرز محفوظ کر لیئے جائیں کیونکہ ہر بار اس میں حسبِ ضرورت ہونے والی ترمیم کو الگ کلر اور انڈر لائن کے ذریعے سے واضح کر دیا جاتا ہے۔

(4) ہر سطح کی نگران اسلامی بہنیں اپنی ماتحت ذمہ داران سے کنفرم (confirm) کر لیں کہ ان کے پاس گزشتہ سال کے مدنی پھول مع ریکارڈ پیپرز موجود ہیں؟ اگر موجود ہوں تو اِس بارواضح کی گئی ہائی لائٹنگ کی مدد سے پہلے سے موجود ریکارڈ پیپرز میں مدنی مشورے کے آغاز سے قبل ہاتھوں ہاتھ اضافے کروالیں اوروہ پیپر جو مکمل ہائی لائٹ ہوں یا جس میں الگ رنگ سےبہت زیادہ تبدیلیاں کی گئی ہوں ان کے فائنل والے (مکمل بلیک) کے پرنٹ نکالے جائیں اور وہی post/mail کروائے جائیں۔

(5) اگر گزشتہ سال کے پیپرز موجود نہ ہوں تو فائنل والے مکمل بلیک مدنی پھول برائے محرم الحرام مع ریکارڈ پیپرز فہرست" میں موجود کالم "کس سطح کی ذمہ دار کو دیا جائے" کے مطابق پرنٹ نکالیں اور post/mail /پاؤڈر کاپی کرواکر دیں ۔مثلاً کارکردگی فارمز کے لیے یہ ہو کہ ذیلی نگران کو صرف "ذیلی سطح" کا فارم دیا جائے ، یوسی نگران کو "یوسی اور ذیلی حلقے " کا فارم دیا جائے۔ عَلٰی ھٰذا الْقِیاس۔post/mail یا پاؤڈر کاپی کرواکردیجئے۔

(6) ہر سطح کی نگران اسلامی بہنیں اپنی ماتحت ذمہ داران کو " مدنی پھول برائے محرم الحرام" صفحہ نمبر کی ترتیب کو پیشِ نظر رکھ کر (حسبِ ضرورت) لفافے میں ڈال کر دیں۔جہاں بالمشافہ مدنی مشورہ ممکن ہو۔ اور جن کے پاس اسمارٹ فون نہ ہو ۔ اور معلوماتی فارم کی مدد سے ہاتھوں ہاتھ تبدیلیاں نوٹ کروائی جائیں۔
( معلوماتی فارم ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

(7) ہر سطح کی ذمہ دار اسلامی بہنیں اپنی تمام شعبہ جات ذمہ داران کو "ہر سطح کی شعبہ مشاورتوں کو Update کرنے والےمدنی پھول (محرم الحرام)" میل یا post یا وڈر کاپی کرواکر دیں۔
(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

(8) نگران عالمی مجلس مشاورت، " مدنی پھول برائے محرم الحرام سے متعلق نگران عالمی مجلس مشاورت کے کام"کے مطابق عمل کریں۔
(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

## محرم الحرام میں ہونے والے مدنی مذاکرے سُننے کی ترغیب

(1) محرم الحرام میں چونکہ دس دن تک "مدنی مذاکروں " کا سلسلہ ہوتا ہے لہٰذا ذیلی تا عالمی مجلسِ مشاورت نہ صرف خود سنیں بلکہ اپنے گھر والوں کو بھی سننے کی ترغیب دلائیں۔اور ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں بھی مدنی مذاکرہ روزانہ سننے کی ترغیب دلائی جائے۔

## بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم لکھنے کی فضیلت

(1) اجتماع ذمہ داران کے ذریعے پہلی محرم الحرام سے قبل یوسی (اوورسیز میں ڈویژن)نگران تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں اعلانات کے وقت "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم لکھنے کی فضیلت" اور" شیطان سے حفاظت کا عمل "پڑھ کرسنائیں۔(یاد رہے کہ اس کے لیے اعلانات کا دورانیہ نہ بڑھایا جائے بلکہ اتنے ہی وقت میں ایڈجسٹ کرلیا جائے۔)
(یہ دونوں پیپر زریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

- ⋆ اجتماع گاہ میں بورڈ پر درست لکھ کر بتایاجائے تاکہ شرکاءِ اجتماع کو سمجھنے میں آسانی ہو۔

(2) جن ڈویژن (اوورسیز میں زون ) میں "دارالسنّہ" ہیں اور وہاں پہلی محرم الحرام سے قبل جو کورس ہورہا ہوتو ڈویژن (اوورسیز میں زون) نگران دارالسنّہ ذمّہ دار (ڈویژن اوورسیز میں زون سطح ) کے ذریعے شیڈول کی دہرائی کے وقت "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم لکھنے کی فضیلت" اور" شیطان سے حفاظت کا عمل "پڑھ کر سنائیں۔

(3) اگر کسی ڈسٹرکٹ ( اوورسیز میں کابینہ )میں اسلامی بہنوں کا روحانی علاج کا بستہ لگتا ہوتو ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) نگران اسلامی بہن بھی روحانی علاج کی ذمہ دار اسلامی بہن کے ذریعے تمام روحانی علاج کے بستوں پر پہلی محرم الحرام سے قبل بیان یا درس کے بعد "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم لکھنے کی فضیلت" اور" شیطان سے حفاظت کا عمل "پڑھ کر سنائیں۔

★ روحانی علاج ذمہ دار ( کراچی سٹی)، روحانی علاج کی زکوٰۃ نکالنے والی اسلامی بہنوں کو بھی"بسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم لکھنے کی فضیلت۔ اور" شیطان سے حفاظت کا عمل "دے دیں۔

(4) ڈسٹرکٹ( اوورسیز میں کابینہ )کے جن تعلیمی و دیگر اداروں میں دعوتِ اسلامی کے تحت درس اجتماع ہوتا ہے یا ہماری رسائی ہےوہاں شعبۂ تعلیم ذمہ دار/ شعبہ رابطہ ذمہ دار اسلامی بہن (تحصیل/ٹاؤن اوورسیز میں ڈویژن سطح) مبلغہ کے ذریعے پہلی محرم الحرام سے قبل درس کے بعد "بسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم لکھنے کی فضیلت" اور" شیطان سے حفاظت کا عملِ "پڑھ کر سنائیں۔

★ اہم شخصیات کو "بسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْملکھنے کی فضیلت" اور" شیطان سے حفاظت کا عمل " بطور image سینڈکی جا سکتی ہے۔

(5) ڈسٹرکٹ( اوورسیز میں کابینہ) یوسی نگران اوورسیز میں ذیلی نگران مدرسۃ المدینہ بالغات، قرآن ٹیچر ٹریننگ کورسز کی مدرسات کے ذریعے "بسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لکھنے کی فضیلت" اور" شیطان سے حفاظت کا عمل "پڑھ کر سنائیں۔

## 10 محرم الحرام سے قبل اجتماع ذکر شہادت (3 دن )

(1) تحصیل/ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) نگران اسلامی بہن محرم الحرام کے " 3 دن کے اجتماع ذکرشہادت سے دو ہفتے قبل اپنے تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں مسلسل اعلانات کے ذریعے اسلامی بہنوں کو اجتماع ذکر شہادت میں 3 دن تک شرکت کی بھرپور ترغیب دلائیں۔

★ تمام ذیلی نگران اسلامی بہنیں ذیلی حلقے کی تمام منسلک اسلامی بہنوں سے رابطہ کرکے انہیں اس اجتماع کی دعوت دیں۔

★ جہاں جہاں ممکن ہو وہاں شعبہ "فیضانِ مرشد" کےیوسی/سیکٹر میں تین دن کا اجتماعِ ذکرِ شہادت منعقد کیا جائے۔

★ شرکاء اسلامی بہنوں کو اپنے ساتھ زیادہ سے زیادہ اسلامی بہنوں کو لانے کاذہن دیاجائے.

(2) 10محرم الحرام سے قبل" اجتماع ذکر شہادت(3 دن ) "تسلسل کے ساتھ اس طرح کیا جائے کہ ان 3دنوں میں سے ایک دن"**ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع**"والا ہی ہو۔

★ اگر کسی شہر میں محرم الحرام کے اجتماع ذکر شہادت 3دن تسلسل کے ساتھ کرنا مشکل ہوتو وہاں gap کے ساتھ منعقد کیے جائیں۔

★ خیال رہے کہ!ان 3 دنوں میں "سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے" والا دن نہ ہو۔

★ محرم الحرام کے " اجتماع ذکر شہادت" کے 3دنوں میں اگر علاقائی دورہ کا دن آئے تو اُس دن علاقائی دورہ نہ کیا جائے۔

★ محرم الحرام کے اجتماع ذکر شہادت کے 3دنوں میں اگر ماہانہ مدنی مشورے کے ایام ہوں توایسی صورت میں مدنی مشورہ کسی اور دن رکھ لیا جائے۔

(3) 3دن اجتماعِ ذکر شہادت میں اگر ایک دن 9محرم الحرام کا آرہا ہوتو ان حساس علاقوں میں جہاں جلوس/نیاز/مجلس وغیرہ کی وجہ سے راستے بند ہوتے ہیں وہاں 2 دن کا اجتماع کیا جائے اورمذکورہ علاقوں میں 9محرم ا لحرام کواجتماع نہ رکھا جائے۔

★اور ایسی صورت میں دوسرے اور تیسرے دن کا بیان کیا جائے ۔

(4) محرم الحرام کے تمام"اجتماع ذکر شہادت"(3 دن )"ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع"کے مقام پراور اُسی سطح تک منعقد کئے جائیں۔

★ شرکائےاجتماع کی تعداد زیادہ ہونے کے امکان پر اگر آواز نہ پہنچنے کا اندیشہ ہوتو صرف ان تین دنوں کےلئے اجتماع تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

★ اجتماع تقسیم کرنے کےلئے قریبی جامعۃ المدینہ (گرلز)/مدرسۃ المدینہ(گرلز)(اگر ہوتو) ورنہ ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع شروع کرنے کے نکات کےمطابق جو گھر مل جائے وہاں اجتماع ذکر شہادت (3 دن)کیا جاسکتا ہے۔(یاد رہے جامعۃالمدینہ اور مدرسۃالمدینہ(گرلز) کی پڑھائی میں ہرگزحرج نہیں آنا چاہیئے)

★ اگر کوئی گھر یا مقام نہ ملے تو ایسی صورت میں بیرونِ ملک میں ذمہ داران آپس میں مل کر اپنے طور پر اخراجات کرکے چھوٹا ہال کرائے پر لے سکتی ہیں۔

(5) تمام یوسی/سیکٹر(اوورسیز میں ذیلی) میں اجتماعِ ذکر شہادت (3 دن) شیڈول برائےاجتماعِ ذکر شہادت(3دن)(محرم الحرام)"اور" اجتماعِ ذکر شہادت(3دن)کے اعلانات"کے مطابق ہی منعقد کیا جائے۔

(یہ پیپرز ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

★ اجتماعِ ذکرِ شہادت (3 دن) سے ایک ہفتہ قبل والے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں یہ اعلان کردیا جائے کہ "اگر کوئی اجتماعِ ذکرِ شہادت (3 دن) میں خود سے نیاز تقسیم کرنا چاہیں تو ہماری ذمہ دار سے آخر میں آج رابطہ فرما لیں بغیر رابطہ کیے نیاز ہرگز نہ لائیں۔

★ بیرونِ ملک میں اگر اہلِ خانہ (جن کے گھر اجتماع ہوتا ہے) اور دو چار اہم تنظیمی ذمہ داران مل کر نیاز تقسیم کرنے کا اہتمام کرنا چاہیں تو کرسکتی ہیں البتہ حفاظتی امور کے پیشِ نظر شرکاء اجتماع کو شربت/نیاز خود سے تقسیم کرنے کی اجازت نہیں۔

★ اگر ہفتہ وارسنتوں بھرا اجتماع کسی کے گھر میں منعقد ہوتا ہو اور اہلِ خانہ اس اجتماعِ ذکرشہادت(3 دن) میں نیاز وغیرہ تقسیم کرنا چاہیں یا شربت وغیرہ کا اہتمام کریں تو منع نہ کیا جائے۔

(6) اجتماعِ ذکر شہادت(3 دن) میں چاہے ایک ہی مبلغہ تینوں دن بیان کرے یا الگ الگ مبلغات بیان کریں اس معاملے میں یوسی نگران اسلامی بہن اپنے علاقے کی نوعیت اور ضرورت کو دیکھ لیں۔

(7) " اجتماعِ ذکر شہادت"میں تینوں دن مکتبۃ المدینہ کا اسٹال ضرور لگایا جائے۔

(8) " اجتماعِ ذکر شہادت"کے تینوں دن اجتماعات میں ڈونیشن بکس رکھے جائیں۔

(9) تمام یوسی (اوورسیز میں ڈویژن) میں مدرسۃ المدینہ(بالغات)محرم الحرام کے اجتماعِ ذکرشہادت (3 دن) کے دورانیے سے قبل یا بعد میں لگائے جائیں تاکہ پڑھنے والی اسلامی بہنیں بھی اجتماع میں شرکت کرسکیں۔

★ قرآن ٹیچر ٹریننگ کورسز کی طالبات ،گلی گلی مدرسۃ المدینہ کی طالبات کی سر پرست والدؤں کو بھی اجتماعِ ذکر شہادت(3 دن)میں شرکت کی دعوت دی جائے ۔

★ کراچی کی ڈویژن نگران اسلامی بہنیں ذوالحجۃ الحرام کے دوسرے ہفتے "محرم الحرام سے متعلق کُتُب و رسائل کی فہرست" کی پاؤڈر کاپی کروا کر مطلوبہ تعداد کے مطابق کتب و رسائل کے لیے مکتبۃ المدینہ سے آرڈر بُک کروائیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

⋆ بیرونِ ملک کی اسلامی بہنیں شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار(زون سطح)کے ذریعے مکتبۃ المدینہ سے آرڈر بُک کروائیں۔

★ مکتبۃ المدینہ ذمہ داران کو مخصوص سیزن کے حساب سے کتب و رسائل سیل کرنے کے اہداف دیئے جائیں۔

(10) تحصیل /ٹاؤن (اوورسیز ڈویژن) نگران , شعبہ رابطہ وشعبۂ تعلیم ذمہ دار (تحصیل /ٹاؤن سطح اوورسیز ڈویژن سطح )کے ذریعےجن تعلیمی اداروں میں درس ہوتا ہے وہاں متعلقہ تعلیمی ادارے کے سربراہان کی اجازت سےنوٹس بورڈ پر محرم الحرام کے تین دن کے اجتماع ذکر شہادت سے متعلق **"پمفلٹ"**(محرم الحرام کے تین دن کے اجتماع ذکر شہادت کی تشہیر) چسپاں کیا جائے۔

★ دیگر اداروں و تعلیمی اداروں کی شخصیات کو اس پمفلٹ کی امیج سینڈ کی جاسکتی ہے.(پمفلٹ ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

(11) تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات اور سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقوں میں مکتبۃ المدینہ کے بستوں پر“محرم الحرام سے متعلق کتب و رسائل کی فہرست”کے مطابق سامان (مکتبۃ المدینہ سے (باآسانی دستیاب ہوتو)ضرورتاً رکھے جائیں۔▯

★ اجتماعات اور سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقوں میں اعلان کے ذریعے مکتبۃ المدینہ سے شائع کردہ کتب و رسائل کو خریدنے،پڑھنے اورشہدائے کربلا کے ایصالِ ثواب کےلئے تقسیم کرنے کی بھی بھرپور ترغیب دلائی جائے۔

(12) اگر10محرم الحرام کو ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع یا علاقائی دورہ کا دن آئے تو اس دن سنتوں بھرا اجتماع یا علاقائی دورہ نہیں ہوگا۔ البتہ سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ ڈویژن (اوورسیز زون) نگران کی اجازت سے دن تبدیل کرکے کرلیا جائے۔لہٰذا ایسی صورت میں ایک ہفتہ قبل یوسی (اوورسیز ذیلی ) نگران تمام سنتوں بھرے اجتماعات میں اس کا اعلان کردیں۔

⋆ البتہ ایسے ملک جہاں 10 محرم الحرام میں اتنی گھما گھمی اور جلسے جلوس اور رش وغیرہ نہیں ہوتا وہاں 10 محرم الحرام کو معمول کے مطابق مذکورہ دینی کام کیے جائیں۔

(13) سالانہ کارکردگی برائے ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع (یوسی تا عالمی سطح) کے مطابق عمل کیا جائے۔(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

(14) کورس "ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع )یوسی اوورسیز ڈویژن تا عالمی سطح( کی ذمہ داران کے ذریعے کروایا جائے اور شارٹ کورسز ذمہ داران سے بھی مدد لی جائے۔

⋆ یہ کورس بالمشافہ 8 دن کا ،دورانیہ 2 گھنٹے ہوگا۔جب کہ آن لائن 8 سے 10 دن اور دورانیہ 1 گھنٹہ ہوگا۔

⋆ اس کورس کے مدنی پھول کورسز ذمہ دار سے حاصل کرلئے جائیں اگر کوئی فزیکلی کورس نہ کرسکے آن لائن شارٹ کورسز ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کریں۔(شارٹ کورسز ڈیپارٹمنٹ کا رابطہ نمبر معلوماتی فارم میں موجود ہے)

(کارکردگی برائے کورس ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع" ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

## 8، 9، 10 محرم الحرام کو اسلامی بہنوں کی انفرادی کوشش سے محا رم اسلامی بھائیوں کے قافلے کی ترغیب

(1) تمام تحصیل/ٹاؤن (اوورسیز ڈویژن) نگران اپنے تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں محرم الحرام سے ایک ہفتے قبل اور محرم

الحرام کے پہلے ہفتے اعلانات کے ذریعے یہ ترغیب دلائیں کہ 10,9,8 محرم الحرام کو اسلامی بھائیوں کے قافلے روانہ ہوتے ہیں لہٰذااسلامی بہنیں اپنے محارم کو انفرادی کوشش کے ذریعے سفر کی ترغیب دلائیں اور جو انہیں سفر کےلئے تیار کرنے میں کامیاب ہوجائیں وہ ذمہ دار اسلامی بہنوں کے پاس اپنا نام لکھوادیں۔

کارکردگی فارم جمع کروانے کی تاریخیں:

★ صوبہ (اوورسیز میں ریجن) نگران 19 محرم الحرام تک" 10,9,8 محرم الحرام کو اسلامی بہنوں کی انفرادی کوشش سے محارم اسلامی بھائیوں کے قافلوں میں سفر کی کارکردگی" شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (صوبہ سطح اوورسیز ریجن سطح) کو جمع کروانے کے ساتھ ساتھ ملک نگران اسلامی بہن کو بذریعہ میل جمع کروائیں۔

★ ڈویژن ( اوورسیز زون) نگران : 18 محرم الحرام

★ صوبہ نگران : 19 محرم الحرام

★ ملک نگران : 20 محرم الحرام (مدرسۃ المدینہ، جامعۃ المدینہ ،دارالمدینہ سے بھی کارکردگی لے کر فارم میں شامل کی جائے)

★ ریجن اوورسیز نگران 19 محرم الحرام

★ نگران عالمی مجلس مشاورت:20محرم الحرام(( ذیلی تا عالمی سطح) کارکردگی فارمز ریکارڈ فائل میں موجود ہیں))

﴿2﴾ بہتر کارکردگی ہونے پر ذیلی نگران اسلامی بہنوں کو سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے میں اور یوسی (اوورسیز میں ڈویژن) تا ڈسٹرکٹ (اوورسیز کابینہ )نگران کو ماہانہ مدنی مشورے میں تحفہ(کتب و رسائل وغیرہ )دے کر حوصلہ افزائی کی جائے۔(یاد رہے کہ ڈونیشن سے تحفہ دینے کی اجازت نہیں)

★ جو بھی کتب و رسائل تحفے میں دئیے جائیں تو دیتے وقت یہ نیت بھی کروائی جائے کہ کتنے دن میں پڑھ یا سن لیں گی؟

## پوچھ گچھ

فرمانِ امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ

**"پوچھ گچھ دینی کاموں کی جان ہے"**(مدنی کاموں کی تقسیم کے تقاضے)

(1) ذیلی حلقہ تا عالمی مجلس مشاورت نگران اسلامی بہنیں "مدنی پھول برائے محرم الحرام" میں موجوددینی کام اپنے پاس ڈائری میں بطور یادداشت تحریر فرمالیں یا ہائی لائٹ کرلیں تاکہ بروقت ہر پوائنٹ پر عمل ہوسکے۔

★ ذیلی حلقہ تا عالمی مجلسِ مشاورت اپنی ماتحت ذمہ داران سے ہفتے میں ایک بار ان میں سے اہم مدنی پھول سے متعلق پوچھ گچھ،follow up ضرور فرمالیں تاکہ اس دینی کام میں کمزوری نہ رہے۔

(2) ہر سطح کی ذمہ دار اسلامی بہن اپنی ماتحت ذمہ داران اسلامی بہنوں سے صفر المظفر میں معمول والے ماہانہ مدنی مشورے میں بھی پوچھ گچھ فرمائیں کہ ان مدنی پھول پر کہاں تک عمل ہوا؟پچھلے سال سے تقابل اور اور قبل از وقت کمی یا اضافہ کے اسباب یوسی (اوورسیز میں ڈویژن) سطح سے جمع کرکے باہم مشاورت سے کچھ مدنی پھول تیار کرلیئے جائیں تاکہ بہتری کے لیے بھرپور کوشش ہو اور تنزلی نہ رہے۔

★ کمزوری ہونے پر متعلقہ ذمہ داران کی تفہیم اور آیندہ بہتری کےلئے لائحہ عمل تیار کریں۔

(3) ''مدنی پھول برائے محرم الحرام "سے متعلق اگر کوئی مشورہ ہوتو تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

(4) "مدنی پھول برائے محرم الحرام "سے متعلق اگر کوئی مسئلہ درپیش ہوتو تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

(5) صوبہ (اوورسیز میں ریجن)/ ڈویژن( اوورسیز میں زون ) و ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) نگران اسلامی بہن شرعی سفر ہونے کی صورت میں بحالتِ مجبوری ٹیلیفونک مشورے کے ذریعے بھی مدنی پھول سمجھاسکتی ہیں۔

(6) اپنے ملک کی حالت و نوعیت کے مطابق ملکی ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) کے نگران اور متعلقہ صوبہ ( اوورسیز میں ریجن) نگران کی اجازت سے ان مدنی پھول میں حسبِ ضرورت ترمیم کی جاسکتی ہے۔

پاک شہدائے کربلا کے صدقے و طفیل ہمیں بھی اپنا وقت ،اپنا مال اور وقت پڑنے پر اپنی جان بھی راہِ خدا میں قربان کرنے کی عظیم سعادت نصیب فرمائے۔اٰمین بجاہِ خاتم النبین صلی اللہ علیہ والہ وسلم

گھر لٹانا جان دینا کوئی تجھ سے سیکھ جائے
جانِ عالم ہو فدا اے خاندانِ اہلبیت

(ذوقِ نعت)

یہ مدنی پھول شرعی و تنظیمی تفتیش کے بعد اوکے ہیں